جو شخص بادشاہ کی توہین کرے گا تو اللہ تعالی اس شخص کو ذلیل کرے گا

ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا:”جو شخص بادشاہ کی توہین کرے گا تو اللہ تعالی اس شخص کو ذلیل کرے گا“

[حَسَنْ] [اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے]

اس حدیث میں بادشاہ کے احکامات کی تحقیر و توہین کرنے کی حرمت آئی ہے، کیونکہ اس پر سخت وعید مترتب ہوتی ہے کہ اللہ تعالی ایسا کرنے والے کو دنیا وآخرت میں ذلت ورسوائی سے دوچار کرے گا، اور بدلہ عمل ہی کے جنس سے ملتا ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/6371